بخاری و مسلم میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس واقعہ کو اس طرح بیان فرمایا کہ میں حطیم کعبہ میں لیٹا ہوا تھا۔ دفعتاً میرے پاس ایک آنے والا آیا۔ اور بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ سفر معراج کا آغاز حضرت ام ہانیؓ کے مکان سے ہوا جس میں آپ مقیم تھے اور دونوں روایتوں میں کوئی اختلاف نہیں ہے کیونکہ کسی نے سفر کی ابتدا مکان سے بیان کر دی اور کسی نے سفر کی ابتدا بیت اللہ سے بیان کر دی۔ اور واقعہ یہ ہے کہ ام ہانیؓ کے مکان سے آپ بیت اللہ میں تشریف لائے اور بیت اللہ سے اس سفر کی ابتداء ہوئی کہ جبریل امین نے آپ کو اٹھایا اور آپ کو چاہ زمزم کے قریب لا کر سینہ مبارک کو چاک کیا اور قلب مبارک کو نکال کر زمزم کے پانی سے دھویا اور ایک سونے کا طشت لایا گیا جو ایمان اور حکمت سے بھرا ہوا تھا اس ایمان اور حکمت کو آپ کے دل میں بھر کر سینہ کو ٹھیک کر دیا۔ پھر سواری کے لئے براق پیش کیا گیا جس کے ذریعہ سے آپ بیت المقدس پہنچے۔

بیت المقدس میں جبریل امین لے آیا۔ آپ نے دو رکعت نماز پڑھائی اور پیچھے جملہ انبیاء کرام نے مقتدیوں کی طرح آپ کی امامت میں نماز ادا کی۔ پھر بیت المقدس سے آسمانی معراج کا آغاز ہوا۔ چنانچہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جبریل امین کے ساتھ سفر کی دوسری منزل کے لئے روانہ ہو گئے۔ اور بعض معتبر روایات سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ سفر کی اس دوسری منزل سے پہلے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے تین برتن پیش کئے گئے جو شہد، دودھ اور شراب سے بھرے ہوئے تھے آپ نے ان میں سے دودھ والے برتن کو منتخب فرما لیا جس پر جبریل امین نے فرمایا کہ آپ نے فطرت اور ایک ایسی سمت کے لئے ہدایت اور دین کو اختیار کیا۔

آپ نے ارشاد فرمایا۔ ... ... پھر ہم ساتوں آسمانوں پر پہنچائے گئے یہاں تک کہ آپ ہر آسمان پر مختلف جلیل القدر انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام سے ملاقات کرتے ہوئے ساتویں آسمان پر پہنچے جہاں حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے ملاقات ہوئی جو بیت المعمور سے ٹیک لگائے ہوئے تشریف رکھتے تھے اور بیت المعمور عالم بالا کا وہ بیت اللہ ہے جو ٹھیک محاذ میں زمین پر خانہ کعبہ تعمیر ہے دنیا میں مسلمان خانہ کعبہ کا طواف کرتے ہیں اور ملائکہ

اور فرشتے ہزاروں کی تعداد میں بیت المعمور کے طواف میں مصروف ہیں اس کے بعد آپ سدرۃ المنتہیٰ پر تشریف لے گئے جو عالم بالا اور عالم ارضی کے مابین ایک واسطہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ نیچے کی ہر چیز سدرۃ المنتہیٰ پر پہنچ کر اوپر جاتی ہے اور اوپر کی ہر چیز سدرۃ المنتہیٰ سے ہو کر نیچے اترتی ہے پھر مقام صریف الاقلام پر تشریف لے گئے جہاں کاتبان قضا و قدر کے قلموں کی سرسراہٹ کی آواز محسوس ہو رہی تھی اور اس کے بعد قرب الٰہی کے اس مقام پر آپ پہنچے جہاں نہ کوئی دوسرے نبی اور پیغمبر جا سکے اور نہ جبریل امین کے پہلے ہی وہاں تک پہنچنے کی تاب و پرواز موجود تھی اور جس کو قرآن کریم نے قاب قوسین سے تعبیر فرمایا۔ "فاوحی الی عبدہ ما اوحی" کے عنوان سے ظاہر فرمایا۔ یہاں سے نماز جیسی عبادت کا فریضہ امت کو عطا کیا گیا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو جنت و دوزخ کی سیر کرائی گئی اور حق تعالیٰ کی قدرت کے عجائبات اور بڑی بڑی نشانیاں دکھائی گئیں۔

چنانچہ قرآن کریم کا ارشاد ہے۔ "لقد رای من آیات ربہ الکبریٰ۔" اس کے بعد آپ

واپس مکہ معظمہ تشریف لے آئے اور صبح کو اس معجزانہ سفر کو بیان فرمایا تو خوش نصیب اہل ایمان نے فوراً مان لیا اور آمنا و صدقنا کہا اور بد باطن کفار نے منکر جھٹلایا۔ آپ نے اثنائے راہ اور بیت المقدس کی کچھ علامات بیان کیں۔ جن کی کفار نے خود تحقیق کی اور ان کو صحیح پایا۔

علمائے محققین نے فرمایا ہے کہ اس مقدس اور مبارک سفر کے "اسرا و معراج" دو حصے کرنے میں ایک خاص حکمت پوشیدہ ہے اور وہ یہ کہ انبیاء سابقین کا قبلہ بیت المقدس رہا ہے اور بیت اللہ یعنی خانہ کعبہ خصوصیت کے ساتھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا قبلہ قرار دیا گیا ہے اس لئے تمام انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کو خود ان کے اپنے قبلہ میں آپ کے استقبال کے لئے لایا گیا یا بالفاظ دیگر تمام سابقہ امتوں کے نمائندوں کی حیثیت سے آپ کا استقبال کرنے کے لئے جمع کیا گیا، چنانچہ بیت المقدس میں سب پیغمبروں نے آپ کا استقبال کیا اور سب ہی نے آپ کو امام بنا کر اور خود آپ کا مقتدی ہو کر نماز ادا کی۔ نیز یہ کہ خانہ کعبہ حق تعالیٰ کے صفتی اسم "جمیل" کا مظہر اور محبوبیت کا مرکز ہے اور

بیت المقدس اللہ تعالیٰ کی صفت "ملک" کا مظہر ہے گویا بیت المقدس تمثیلی طور پر حکومت خداوندی کا مرکز اور دار الحکومت ہے۔ اس لئے اس سفر کی پہلی منزل کعبۃ اللہ سے بیت المقدس تک رکھی گئی۔ اور دوسری بیت المقدس سے عرش کرسی اور مقام قاب قوسین تک۔ تاکہ آپ کی نبوت و رسالت کی عمومیت خاتمیت اور مقام کا اظہار ہو جائے۔

اس موقع پر ایک بات خاص طور پر ذہن نشین رکھنے کے قابل ہے اور وہ یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ معجزہ بھی کوئی اکتسابی کمال یا تدابیر کا نتیجہ اور ثمرہ نہیں تھا۔ بلکہ محض وہبی کمال تھا کیونکہ انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی نبوت و رسالت اور تمام پیغمبرانہ کمالات و معجزات نہ اکتسابی ہوتے ہیں اور نہ کسی تدبیر کا نتیجہ ہوتے ہیں۔ جیسا کہ قرآن کریم میں فرمایا گیا ہے۔ "اللہ اعلم حیث یجعل رسالتہ"

اور دوسری جگہ ارشاد ہے "قل انما الآیات عند اللہ" پس حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ عظیم سفر اسرا و معراج بھی ایک معجزہ اور قدرت خداوندی کی ایک "آیت کبریٰ" تھی اور اس سفر کے دونوں حصے اسرا و معراج یعنی خانہ کعبہ سے لے کر بیت المقدس تک اور بیت المقدس سے آسمانوں کی بلندیوں اور مقام قاب قوسین تک سیر روحانی یا خواب نہیں تھے بلکہ جسد اطہر کے ساتھ ہی آپ کو معراج بھی ہوئی ہے اور سفر اسرا بھی جسم مبارک کے ساتھ ہی پیش آیا ہے اسی لئے کفار نے اس کو جھٹلایا ورنہ اگر معراج روحانی ہوتی یا محض خواب ہوتا تو کوئی احمق سے احمق بھی اس کی تکذیب کے درپے نہ ہوتا۔

بہر حال اسرا و معراج حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک بہت بڑا معجزہ اور وہبی کمال تھا جس کا آپ کے اختیار اور اکتساب سے کوئی تعلق نہیں ہے لیکن اس واقعہ سے بھی انسان کو ایک اصلی سبق ملتا ہے کہ حق تعالیٰ کی نظر و لطف میں قدر بھی اسی کی زیادہ ہوتی ہے جو حق و صداقت پر قائم رہے اور اللہ کی راہ میں ہر تکلیف کو خندہ پیشانی سے برداشت کرے اور سربلندی و عزت بھی انجام کار اسی کو نصیب ہوتی ہے۔

▲▲

قبۃ الصخرا کے زیر سایہ وہ متبرک چٹان جہاں سے حضور اکرم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو معراج ہوئی اور آپ نے سبع السموات والارض کی سیر کی۔

بیت المقدس کو آزاد کرانے کی مسلسل جدوجہد کے لیے اسلامی ملکوں کی مستقل کمیٹی قائم کر دی گئی

کسی بھی اسلامی ملک پر بیرونی اقتصادی دباؤ کا مقابلہ متحد ہو کر کیا جائیگا

لندن کے اسلامی میلے میں تعاون کرنے کا فیصلہ: اسلامی کانفرنس کا مشترکہ اعلان

جدہ ۔۔۔ اپ پ ۔ اسلامی وزرائے خارجہ کی چھٹی کانفرنس نے گذشتہ رات مشترکہ اعلان جاری کر دیا۔ مشترکہ اعلان میں کانفرنس کی اہم سرگرمیوں کے بارے میں سیکرٹری جنرل حسن التہامی کی رپورٹ پر جلسے سے کی گئی تقاریر ۔۔۔ قرار دادوں اور فیصلوں کی تفصیل اور مرحوم شاہ فیصل کو پیش کئے جانے والے خراج عقیدت کا ذکر ہے۔ [illegible]

صادق حسین قریشی بلا مقابلہ پنجاب کے وزیر اعلیٰ منتخب ہو گئے

گورنر کھر نے نئے وزیر اعلیٰ سے ان کے عہدے کا حلف لیا

ارکان اسمبلی اور حزب اختلاف کی طرف سے بلا مقابلہ انتخاب کا خیر مقدم

لاہور ۔۔۔ [illegible]



قوم دشمن سرگرمیوں کی روک تھام کا ایکٹ قبائلی علاقوں میں بھی نافذ کر دیا گیا

اسلام آباد ۔۔۔ [illegible]

روس میں علامہ اقبال کی صد سالہ سالگرہ منانے کی تیاریاں

[illegible]

نماز کی اجازت نہ ملنے پر برطانیہ کے پاکستانی سکول ٹیچر مستعفی ہو گیا

لندن ۔۔۔ اپ پ ۔ برطانیہ میں ایک پاکستانی مدرس کو محض اس بنا پر ملازمت سے مستعفی ہونا پڑا ہے ۔۔۔ [illegible]

زیڈ اے بخاری انتقال کر گئے

وزیراعظم کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔ [illegible]

میں کسی کو حضور کے بعد کسی کو نبی یا مذہبی مصلح نہیں مانتا

شناختی کارڈ بنوانے کے لیے مسلمانوں کو حلفیہ بیان بھی داخل کرنا ہوگا

کراچی ۔۔۔ [illegible]

[illegible]

غیر ممالک میں تبلیغ اسلام کیلئے علماء کی وفاقی اکیڈمی جلد قائم کر دی جائے گی

اسلام آباد ۔۔۔ [illegible]

پاکستان میں پیدا کیے گئے الائزین دنیا بھر میں دوم قرار دیا گیا ہے

بلوچستان میں زیتون کی کاشت کی جائے گی

[illegible]

پاکستان کا دستور دنیا کے بہترین دساتیر میں سے ہے

موجودہ حکومت نے اس پر مکمل طور پر عمل نہیں کیا: پروفیسر غفور احمد

ساہیوال ۔۔۔ [illegible]

پاکستان اور میکسیکو کی ترقی کے امکانات کا جائزہ

لاہور ۔۔۔ [illegible]

ترکی، منڈی اور پاکستان میں تجارتی معاہدہ

[illegible]

مادرِ ملت محترمہ فاطمہ جناح مرحومہ کی برسی منائی گئی

کراچی ۔۔۔ [illegible]



علامہ اقبال کی زندگی پر ایک تمثیل کیلئے کمیٹی قائم کر دی گئی

جاوید منزل کو عجائب گھر میں تبدیل کر دینے کا فیصلہ

اسلام آباد ۔۔۔ [illegible]

حکومت ڈاکٹر عاشق حسین بٹالوی پنجاب کی جامع تاریخ مرتب کروا رہی ہے

لاہور ۔۔۔ [illegible]

SID TRAVEL AGENCY

خوشخبری ۔ پاکستان ۔۔۔ [illegible]

577 PELISSIER STREET

WYANDOTTE & PELISSIER

WINDSOR, ONTARIO

TELEPHONE (519) 252-3355

After Hours, 948 6205

مغربی پاکستان کے صوبوں میں مجیب کو گورنر مقرر کرنے کا بھی منصوبہ تھا

اکبر بگٹی اور شیر محمد مری روس اور بھارت کے اشارے پر آزاد بلوچستان کی تحریک چلا رہے تھے

نیپ کے بارے میں ریفرنس کی سماعت کے دوران سرکاری گواہ کا بیان

سوال۔ کیا آپ کو پاکستان کے بارے میں ...

گواہ۔ میرا اپنا اخبار ...

دنیا بھر میں اسلام کا پیغام پہنچانے کے لیے "مسلم براڈ کاسٹنگ یونین" قائم کی جائے گی: جدہ کانفرنس کا فیصلہ

جدہ ۔۔۔ (پی پی آئی) اسلامی ممالک کے وزراء خارجہ کی کانفرنس نے فیصلہ کیا ہے کہ دنیا بھر میں اسلام کے پیغام کو پہنچانے، اسلام کی دعوت دینے، اسلامی اقدار اور ثقافتی ورثے کے تحفظ اور اسلامی تعلیمات کو فروغ دینے کے لئے تمام اسلامی ممالک کی ایک "مسلم براڈ کاسٹنگ یونین" بنائی جائے ...

گفٹ اسکیم کے تحت پاکستان میں ٹریکٹر بھیجے جا سکتے ہیں

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو رعایت سے فائدہ اٹھانے کا مشورہ

اسلام آباد ۔۔۔ (اے پی پی) وزارت اقتصادی امور نے آج یہاں پھر اعلان کیا ہے کہ گفٹ اسکیم کے تحت بیرون ملک ...

ہم محنت کی بدولت پاکستان کو ایشیا کا جاپان بنا کر دم لیں گے

محنت کش دیانت اور جانفشانی سے ملکی ترقی میں حصہ لیں: یوسف خٹک

پاکستان کے دو تجارتی وفد بیرون ملک جائیں گے

FOR SALE
MUZAFFAR
226-5454
MORTGAGES
APPRAISALS
COMPLETE SERVICES

نسیم مظفر بروکر

ہمیں آپ رہائشی، دیہاتی، کمرشل اور
فارم وغیرہ کی جائیدادوں کی خرید و فروخت
اور مارگیج کا بندوبست کرنے کے لیئے ہر وقت
تیار پائیں گے۔

حکومت اونٹاریو کی جانب سے ملنے والی پندرہ سو ڈالر
کی گرانٹ کی وضاحت کے لیئے ہمیں فون کیجیئے۔

2901 BAYVIEW AVENUE, WILLOWDALE, ONTARIO M2K 1E6
(Bayview Village Plaza, Suite 219)
MEMBER OF THE TORONTO REAL ESTATE BOARD

FOR SALE
MUZAFFAR
226-5454
MORTGAGES
APPRAISALS
COMPLETE SERVICES

SPECIAL ANNOUNCEMENT

خصوصی اعلان
ستمبر ہیملٹن میں عنقریب
ایشیاء ہاؤس انٹرنیشنل فوڈ مارکیٹ لمیٹڈ
کا افتتاح ہوگا

In the City of Hamilton
OPENING SOON

ASIA HOUSE

International Food Market Limited.

414 KING ST., EAST AT VICTORIA AVE., S.
TEL: 528-8184

The market will carry on very reasonable prices all times in wholesale & retail sale and will provide fresh halal goat, lamb, beef, veal, chicken meats, all kinds of dalls, pickels, fresh vegetables and tropical fruits etc, etc.

MANAGEMENT
WILL PROVIDE FREE DELIVERY TO THE FOLLOWING TOWNS

Hamilton, Burlington, Dundas, Stoney Creek, ..., Waterdown, Mississauga, Oakville, Brantford, Cambridge, Paris, Kitchener, ..., Jordon-Harbour, St. Catherines, Welland, Niagara Falls, Fort Erie and Buffalo, USA.

FOR INFORMATION PHONE:
528-8184

ASIA HOUSE

Affectionately yours

اسلامی ترقیاتی بنک مسلم ممالک کی اقتصادی ترقی میں ممد و معاون ثابت ہوگا

بنک بہت جلد کام شروع کر دے گا : حنیف

ممبر ملکوں کو ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کے لیے قرضے دیے جائیں گے

[illegible]

وزیر اعلیٰ نے سیلاب زدہ علاقوں کا اچانک دورہ کیا

[illegible]

پاکستان ایران اور ترکی نے مختلف شعبوں میں بھرپور تعاون کیا ہے

آر سی ڈی کی گیارھویں سالگرہ آج منائی جا رہی ہے

[illegible]

کسی شخص کو دوسری مرتبہ حج پر جانے کی اجازت نہیں دی جائیگی

غلط بیانی کرنے والے کو سزا دینے کے لئے قانونی گنجائش پیدا کی جا رہی ہے

کوئی حاجی سعودی عرب میں چالیس دن سے زیادہ قیام نہیں کر سکے گا

وزیر مذہبی امور مولانا کوثر نیازی نے نئی حج پالیسی کا اعلان کر دیا

کراچی — [illegible]

[illegible]

انڈونیشیا اور پاکستان کے تعلقات کو عوامی سطح پر بھی فروغ ملنا چاہیئے : آدم ملک

[illegible]

اسلامی ممالک سلامتی کونسل کی رکنیت کیلیے پاکستان اور لیبیا کی حمایت کریں گے

[illegible]

فلسطینی حریت پسندوں کی مدد کے لئے رضا کار بھرتی کئے جائیں

اسلامی ممالک کے وزراء خارجہ نے متفقہ طور پر قرار داد منظور کر لی

[illegible]

پاکستان کو پولیس سٹیٹ بنا کر رکھ دیا گیا ہے

اپوزیشن اپنا فرض ادا کرتی رہے گی : پروفیسر غفور احمد

[illegible]

بھارت پاکستان کے ساتھ کرکٹ کے پنج روزہ ٹیسٹ میچ کھیلنے کے لیے تیار ہے

[illegible]

[illegible]

AAlice International

Unique Trade & Commerce

P. O. BOX 38[illegible] STATION [illegible]

TORONTO M4J 4Y8

ONTARIO—CANADA

Phone: (416)459-0820

SYED M. HUSAIN

For a better deal on COMPACT, INTERMEDIATE OR FULL SIZE NEW AND USED CARS, Parkwood Central is the place. And the man to see is Syed M. Husain.

Also ask Syed M. Husain about Parkwood Central's LEASE & CREDIT PURCHASE PLANS.

As low as 10% down. Top trade-in values for used cars.

PARKWOOD CENTRAL

CHEVROLET OLDS CADILLAC

2400 Yonge St. just above Eglinton

TELEPHONE 481-5111

Please Visit Us for

Masalas, Rice,

Halal Meat & Dals

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں

ٹورانٹو میں حلال گوشت کی

پہلی دکان

فریزر میں ذخیرہ کرنے کا گوشت ہم سے کم قیمت پر طلب فرمائیے

Afro Asian

918 PAPE AVENUE,

TORONTO

Phone 463-1287

پندرہ روزہ
کرسینٹ
شورہ شورکنیڈا

اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ ؕ
سن رکھو کہ جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے۔ (القرآن)

جدہ کانفرنس ـ اتحادِ اسلامی کیلئے پیشقدمی

مسلمانوں کے قبلۂ اول ـ بیت المقدس ـ کو نذر آتش کرنے کی ناپاک صیہونی سازش کے خلاف احتجاج و اضطراب اور غم و غصہ کے اظہار کی کربناک فضا میں اسلامی ملکوں کے رابطہ میں اتحاد و یکجہتی کے جس نئے سفر کا آغاز کیا تھا اس کی اب کئی منزلیں طے ہو چکی ہیں بلکہ یوں محسوس ہوتا ہے کہ صدیوں کے انتشار، تشتت اور نفاق و افتراق نے مسلمانوں کو زوال، بے حسی، خوف اور اس قسم کے دوسرے عوارض کے جس گرداب میں دھکیل دیا تھا وہ اب نہ صرف اس سے نکل رہے ہیں بلکہ اسلامی دنیا باہمی اتحاد و یکجہتی کی بدولت اب جرأت مندی، بے خوفی اور اعتماد سے سرشار بھی ہو رہی ہے۔ مجموعی حیثیت سے مسلمانوں میں اس ایمان افروز تبدیلی کا مظاہرہ پہلی مرتبہ اس وقت ہوا تھا جب تیل پیدا کرنے والے مسلمان ملکوں نے اکتوبر ۱۹۷۳ء کی عرب اسرائیل جنگ کے بعد تیل کا ہتھیار استعمال کرکے دنیا کی بڑی بڑی اقتصادی و حربی طاقتوں کو عربوں کے موقف کی معقولیت کا برملا اعتراف کرنے پر مجبور کر دیا تھا۔ اور دوسری مرتبہ اس کا مظاہرہ اب ہوا ہے۔ جب اسلامی ملکوں کے وزرائے خارجہ کی حالیہ چھٹی کانفرنس نے اس مفہوم کی قرارداد منظور کی ہے کہ اسرائیل کو اقوام متحدہ کے منشور کی خلاف ورزی کی پاداش میں اس عالمی ادارے اور اس کی تمام بین الاقوامی تنظیموں سے نکال دیا جائے۔ یہ قرارداد امریکہ کے یہودی وزیر خارجہ ڈاکٹر ہنری کسنجر کی ان دھمکیوں کا مسکت جواب ہے جو وہ مشرق وسطیٰ میں اسرائیل کی بالادستی منوانے میں ناکامی کے بعد مسلمان اور عرب ملکوں کو اکثر دیتے رہتے ہیں۔

اسلامی ملکوں کے وزرائے خارجہ کی چھٹی کانفرنس جدہ میں ختم ہو گئی ہے۔ کانفرنس نے اپنے چار روزہ اجلاس میں مجموعی طور پر اکتالیس قراردادیں منظور کیں جن میں سے بعض ـ مثلاً مسئلہ فلسطین، بیت المقدس کی واپسی، اسرائیل کے بین الاقوامی برادری سے اخراج، مستعمرہ عرب علاقوں کی واگذاری اور دنیا بھر میں مسلم اقلیتوں کے تحفظ کے بارے میں قراردادیں غیر معمولی اہمیت کی حامل ہیں کانفرنس کے خاتمہ پر جاری ہونے والے مشترکہ اعلان کی جو تفاصیل منظر عام پر آئی ہیں ان سے کانفرنس کے فیصلوں اور قراردادوں کے کل متن کا تو پتہ نہیں چلتا۔ بہرکیف کانفرنس کے چیئرمین شہزادہ سعود الفیصل کا یہ اعلان بڑا اطمینان بخش اور حوصلہ افزا ہے کہ اس کانفرنس کے بنیادی مقاصد حاصل ہو گئے ہیں۔ چالیس مسلم ملک یہاں تمام امور پر بحث اور پر اتفاق رائے رہا اور اس کی منظور کردہ قراردادوں پر عملدرآمد سے دنیائے اسلام کی یکجہتی، ترقی و خوشحالی اور اسلام کی سربلندی کے نصب العین کی جانب مزید پیش قدمی ہوگی۔

اسلام اور شریعت محمدی کی سربلندی کے نام پر معرض وجود میں آنے والے پاکستان کے لیے یوں تو ہر ایسا اقدام اطمینان و مسرت کا موجب بنتا ہے جو اسلامی اتحاد و یکجہتی کے ارتقاء کی خاطر کیا جائے لیکن خالصتاً قومی نقطۂ نظر سے بھی یہ کانفرنس پاکستان کے لیے غیر معمولی اہمیت کی حامل رہی۔ کانفرنس نے ایک قرارداد کے ذریعہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی رکنیت کے لیے پاکستان کے امیدوار ہونے کی توثیق کی ہے اور [illegible] ارکان نے پاکستان کی حمایت کرنے پر رضامندی کا اظہار کیا ہے بنگلہ دیش سمیت [illegible] ارکان نے اس بارے میں خاموشی اختیار کی ہے لیکن ظاہر ہے پاکستان جب اس رکن ملک کی حمایت کے ساتھ یکجہتی کرے گا تو اس کی کامیابی کے امکانات زیادہ روشن ہوں گے۔ سلامتی کونسل کی رکنیت کے لیے پاکستان کے انتخاب میں سیاست بھی [illegible] ہے اور [illegible] نے کافی عرصے سے افریقہ ایشیا میں پاکستان کی پوزیشن کمزور کرنے کے لیے مہم کا آغاز کر رکھا ہے اس نے ہمیں اسلامی دنیا کے ووٹوں سے محروم کرنے کی بھی بھرپور کوشش کی۔ اس پس منظر میں دنیائے اسلام کے ۴۲ ملکوں کی طرف سے حمایت کا واضح اعلان پاکستان کی پوزیشن مستحکم کرنے کا موجب بنا ہے۔ جدہ کانفرنس میں غیر جانبدار ملکوں کو ایٹمی خطرات کے خلاف موثر تحفظ دینے سے متعلق قرارداد بھی پاکستان کی کامیابی اور ہمارے موقف کو تقویت پہنچانے کی آئینہ دار ہے۔

اسلامی ملکوں کے وزرائے خارجہ کی یہ چھٹی کانفرنس ایسے وقت میں ہوئی جب عالم اسلام بالخصوص مشرق وسطیٰ انتہائی نازک حالات سے دوچار ہو رہا ہے۔ امریکی وزیر خارجہ ڈاکٹر ہنری کسنجر کی "شٹل ڈپلومیسی" اور "قدم بہ قدم ڈپلومیسی" کی ناکامی کے بعد صدر [illegible] کے [illegible] سے اسرائیلی فوجیں پیچھے ہٹانے میں جو تھوڑی بہت کامیابی حاصل کی تھی اور مشرق وسطیٰ میں قیام امن کی جو موہوم سی امید پیدا ہوئی تھی اسے [illegible] جولان، صحرائے سینا اور بیت المقدس سے اپنی فوجیں پیچھے ہٹانے سے اسرائیل کے انکار نے ملیامیٹ کر دیا ہے۔ اسرائیل [illegible] اپنی عسکری طاقت ـ جو دراصل امریکہ کی اعلیٰ اور سوویت یونین کی افرادی امداد کی مرہون منت ہے ـ کے گھمنڈ میں اقوام متحدہ کے منشور اس کی تمام قراردادوں اور اخلاق و شرافت کے تمام ضوابط و روایات کو مسلسل پامال کرتے ہوئے مشرق وسطیٰ میں غنڈہ گردی کرنے پر تلا ہوا ہے۔ گویا اسرائیل کا کردار وہی جنوبی افریقہ سے مختلف نہیں جو گزشتہ کئی برسوں سے دنیا بھر میں جائے نفرت و ملامت بنا ہوا ہے اور جس کے وفد کی اسناد پچھلے سال افریشیائی ملکوں نے مسترد کرا کے اقوام متحدہ میں اس کی شرکت عملاً ناممکن بنا دی تھی اور وہ اس عالمی ادارے کا رکن ہونے کے باوجود بے اثر ہو گیا تھا۔

اب اسلامی ملکوں کے وزرائے خارجہ کی کانفرنس نے اقوام متحدہ سے اسرائیل کے اخراج کی قرارداد منظور کی ہے جس نے اس کے مربی و محسن اور وجود کے ضامن امریکہ کو یہ خطرہ لاحق کر دیا ہے کہ کہیں اس عالم اسرائیل کا حشر بھی جنوبی افریقہ جیسا نہ ہو۔ گویا جدہ کانفرنس نے امریکہ کو یہ سوچنے پر مجبور کر دیا ہے کہ وہ اگر عربوں کے جائز حقوق کو اسرائیل کے توسیعی مقاصد پر قربان کرتا رہے گا تو مشرق وسطیٰ پر اس کے وقار کو زبردست دھچکا لگے گا۔ عین ممکن ہے کہ امریکہ نے اگر اپنی دھمکی کو عملی شکل دیتے ہوئے صحرائے سینا میں اپنی فوجیں اتار دیں ـ مصر نے صحرائے سینا میں اقوام متحدہ کی فوجیں رکھنے کی میعاد میں توسیع کرنے سے انکار کر دیا تو وہ اپنی فوجیں اتار دے گا ـ تو پھر مشرق وسطیٰ میں بھی ایک ایسی صورت پیدا ہو جائے گی جو جنوب مشرقی ایشیا میں امریکہ کی شکست اور اس کے اثر و رسوخ کے خاتمہ کے آغاز کا موجب ثابت ہوئی۔ امریکہ [illegible] کے خلاف ہو رہا ہے اور امریکی عوام [illegible] مداخلت کی اس طرح مخالفت کریں گے جس طرح انہوں نے ویت نام جنگ کی کی تھی۔ [illegible] جدہ کانفرنس کی اسرائیل کے اقوام متحدہ سے اخراج سے متعلق قرارداد بڑے دور رس مضمرات کی حامل اور [illegible] پیش قدمی کی حیثیت رکھتی ہے۔ ●

"ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات!"

"واشنگٹن پوسٹ" امریکہ کے
نمائندہ خصوصی لیوئیس ایم سائمن
کے انکشافات

ماں اور بیٹے ـ اندرا اور سنجے کی کہانی

● ـ "واشنگٹن پوسٹ" (امریکہ) کا نمائندہ خصوصی لیوئیس ایم سائمن تین سال تک نئی دہلی میں اپنے اخبار کے لیے رپورٹنگ کرنے کے بعد ۲۶ جون ۱۹۷۵ء کو بھارت میں ہنگامی صورت حال کے نفاذ کے بعد بھارت سے نکال دیا گیا۔ اس نے امریکہ پہنچ کر اندرا گاندھی کا بحران میں اپنے صاحبزادے [illegible] کے بارے میں دلچسپ انکشافات کئے ہیں جو ۱۰ جولائی ۱۹۷۵ء کے واشنگٹن پوسٹ میں شائع ہوئے ہیں ان سے یہ پتہ چلتا ہے کہ اس وقت بھارت کی وزیراعظم کس طرح اپنے چھوٹے بیٹے کے ہاتھ میں کھلونا بنی ہوئی ہے۔ سائمن کو [illegible] بھارت سے نکالا گیا [illegible] اسے بہتر سمجھا کہ وہ اندرا اور سنجے کے گٹھ جوڑ کے راز منکشف کرے اور اپنے بال بچوں کی بھارت سے واپسی تک صبر کرے۔ [illegible] ملاحظہ فرمایئے۔ مسٹر سائمن کا یہ پہلا انکشاف انگیز مضمون ہے۔

○ ـــــــ (ترجمہ، کیپٹن ممتاز ملک)

اندرا گاندھی اپنے دو بیٹوں سنجے اور راجیو کے ساتھ

بھارت کے موجودہ بحران میں وزیراعظم اندرا گاندھی جو اپنی کابینہ کے قریب ترین رفقاء پر بھی اعتماد نہیں رکھتیں اس وقت اپنے ۲۸ سالہ فرزند سنجے کے مشوروں اور رہنمائی کی محتاج ہو گئی ہیں جس کی شخصیت پُراسرار اور [illegible] ہے اور وہ تمام بڑے بڑے سیاسی فیصلوں کے لیے سنجے کی رائے اور مشورے پر عمل کرتی ہیں۔

[illegible] سنجے ہی ہے جس نے اپنی ماں کو مشورہ دیا کہ سیاسی مخالفین کو گرفتار کرکے جیل بھیج دیا جائے۔ چنانچہ جب [illegible] نے بھارت میں ہنگامی صورت حال نافذ کرکے مطلق اختیارات حاصل کر لیے ہیں سنجے ہی ان کو برسراقتدار رکھنے کے مشورے دے رہا ہے۔ سنجے کی سرکاری یا سیاسی لحاظ سے کوئی حیثیت نہیں ہے لیکن وہ [illegible] اجلاس میں [illegible] شرکت کرتا ہے [illegible] ہدایات جاری کرتا ہے۔

ایک ایسے شخص نے جو اندرا گاندھی کے [illegible] [illegible]

پچھلے ماہ جب الٰہ آباد ہائیکورٹ نے اندرا گاندھی کے انتخاب کے خلاف فیصلہ دیتے ہوئے اندرا گاندھی کو دوران انتخاب بدعنوانیوں کا مرتکب قرار دیتے ہوئے انہیں ۶ سال کے لیے کسی بھی انتخابی عہدے کا نااہل قرار دے دیا اور وہ یہ فیصلہ سننے کے بعد [illegible] اپنی سرکاری اقامت گاہ میں واپس آئیں تو [illegible] اقامت گاہ میں داخل ہوتے ہی سنجے [illegible] اپنی ماں سے لپٹ گیا اور بچوں کی طرح پھوٹ پھوٹ کر رونے لگا۔

وزیراعظم اندرا گاندھی اور سنجے پر جو الزام لگے [illegible] نہرو خاندان کے قریب ترین عناصر کہے جاتے ہیں [illegible] سنجے [illegible] چند سال کے اندر اندر کیسے کروڑ پتی بن گیا ہے۔ [illegible]

ان عناصر کا کہنا ہے کہ اسے یہ منصوبہ زیر عمل لانے کے لیے کم از کم ایک کروڑ ڈالر کا سرمایہ درکار [illegible] [illegible] کسان(?) [illegible] اس کے لیے [illegible] سارا ڈھونگ رچایا گیا [illegible] اس کے بڑے بھائی راجیو نے سنبھال لیا ہے جو بھارتی فضائی سروس میں پائلٹ تھا۔

کئی سال سے [illegible] یہ سوال پوچھتے ہیں کہ جب اندرا گاندھی [illegible] سیاستدان ہیں کہ وہ ناک پر مکھی نہیں بیٹھنے دیتیں۔ انہوں نے سنجے کے ساتھ [illegible] ... یہ حقیقت اچھی طرح محسوس کرتے ہیں کہ اگر اندرا گاندھی چاہتیں تو وہ کافی عرصہ پہلے ہی [illegible] [illegible] جواب

سیاست کی کتاب سے نہیں مل سکتا بلکہ نہرو خاندان کی روایات اور اندرا اور سنجے یعنی ماں بیٹے کے باہمی تعلقات ہی سے مل سکتا ہے۔ اس سوال کا جواب ان حالات سے بھی ملتا ہے جو اندرا گاندھی اور فیروز گاندھی کی شادی، باہمی دوری اور علیحدگی اور اندرا کے غیر معمولی طور پر اپنے باپ کے ساتھ رابطہ قائم ہونے کی وجہ سے رونما ہوئے۔

فیروز گاندھی اور اندرا نہرو کی شادی ۱۹۴۲ء میں ہوئی تھی۔ سات سال کے بعد اندرا نے لکھنؤ میں اپنا گھربار چھوڑ کر اپنے دونوں بچوں کو ساتھ لے کر نئی دہلی میں اپنے پتا جواہر لال نہرو کی سرکاری اقامت گاہ میں اقامت اختیار کر لی۔ فیروز گاندھی نے بھی پردھان منتری بھون میں اپنے بال بچوں کے ساتھ رہنا چاہا لیکن اس سلسلے میں بری طرح ناکامی ہوئی اور فیروز گاندھی اور اندرا گاندھی کا رشتہ ازدواج منقطع ہو گیا۔

اندرا گاندھی کی سوانح نگار کرشنا ہاتھی سنگھ نے اپنی تصنیف میں خود لکھا ہے کہ اندرا کا اپنے باپ کے ہاں بسیرا اختیار کر لینا ایک خاندان اور کنبے کی بہتری اور مستقبل کے مسائل [illegible] جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ اندرا اور فیروز میں دوری کی خلیج حائل ہو گئی۔ اس سلسلے میں فیروز گاندھی کے دوست اور احباب یہ کہتے تھے کہ اسے اپنی استری نے اس گھر سے بے گھر بنا دیا ہے اور وہ اپنے سسر کے ہاں ایک گھٹیا فرد کی حیثیت بھی برداشت نہیں کر سکا۔

اور پھر فیروز گاندھی سے قطع تعلق کے بعد اندرا جی اپنے پتا جواہر لال نہرو کی سرکاری میزبان اور تقریبات کی کرتا دھرتا بن گئیں اور کانگرس پارٹی میں بھی اپنی حیثیت حاصل کر لی لیکن [illegible] فیروز گاندھی جو خود پارلیمنٹ کا رکن تھا، اپنے احساس کمتری اور اپنی بیوی کی بڑھتی ہوئی اہمیت کو برداشت نہ کیا اور اب سے یہ علم [illegible] بھی سخت دلپذیر ثابت ہوا کہ وہ "جانی کا داماد" یعنی وہ ساری بھارتی قوم کا داماد ہے۔ اندرا گاندھی اور فیروز کے ساتھ تعلقات رکھنے والے کئی لوگوں کا کہنا ہے کہ ان ایام میں سنجے کو بھی یہ احساس ہو گیا تھا کہ اپنے باپ کی طرح اس کا بھی کوئی مقام نہیں ہے۔ چنانچہ اندرا نے اپنے شوہر فیروز کے ساتھ جو سلوک کیا سنجے اسے فراموش نہ کر سکا اور نہ اپنی ماں کو اس سلسلے میں معاف ہی کر سکا۔

ماں کے منہ پر تھپڑ

کہا جاتا ہے کہ باپ کی اس بے وقعتی کا سنجے کو اس قدر صدمہ ہوا وہ اس کا انتقام لئے بغیر نہ رہ سکا۔ اندرا کے خاندان کے ایک قریبی دوست کا جس نے ایک تقریب میں شرکت کی تھی یہ کہنا ہے کہ سنجے نے خواہ وہ کسی حالت میں بھی کیوں نہ تھا بغیر کسی وجہ کے ماں کے منہ پر چھ بار تھپڑ رسید کر دیئے۔ اندرا گاندھی نے یہ تھپڑ چپ چاپ برداشت کر لئے اور اف تک نہ کی۔ وہ سنجے سے حد درجہ مرعوب اور خائف معلوم ہوتی ہیں۔

اندرا گاندھی کے ایک مخالف سوشلسٹ لیڈر اور کئی کتابوں کے مصنف اور صحافی راجندر پوری نے سنجے کے بنیئہ موٹر کاروں کے کارخانے پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا ہے: "وزیراعظم کے چہیتے بیٹے سنجے نے 'ماروتی' کی صنعت کا جو ڈھونگ کھڑا کیا ہے وہ بھارت کی ۵۰ سالہ تاریخ میں سب سے بڑا اسکینڈل ہے۔"

کاروبار میں سے یہ پتہ چلتا ہے کہ آزادی کے بعد اس سرزمین میں آج تک اس سے بڑھ کر ایسی کرپشن نہیں دیکھی گئی تھی جسے حکومت کی سرپرستی حاصل ہو جو وزیراعظم کی مکمل حمایت و تائید اور منظوری سے عمل میں آئی ہو اور سنجے نے اتنے سرمایہ اور اراضی اور دیگر سہولتوں سے موٹر کمپنی قائم کر لی۔ اندرا گاندھی نے اس "نوزائیدہ صنعت" کے متعلق کچھ دیر پہلے اندرا گاندھی کی سرگزشت میں بھی پچھلے سال تبصرہ کیا گیا جو امریکہ میں شائع ہوئی۔ آنجہانی کرشن بھاٹیہ نے اس میں لکھا کہ سنجے جس طرح سرکاری مراعات حاصل کرتا رہا ہے اور ان کے علاوہ اس کے متعلق جو طرح طرح کی باتیں مشہور ہیں ان کی وجہ سے اس کی ماں کے نام اور وقار کو بہت نقصان پہنچ چکا ہے۔ اندرا جیسی [illegible] ۱۹۷۱ء کے آخر میں بنگلہ دیش قائم کر لینے اور ۱۹۷۲ء کے آغاز میں جو شہرت ملی تھی اور ان کی سارے بھارت میں جو حیثیت بن گئی تھی اسے سنجے کے طرز عمل سے سخت نقصان پہنچا ہے چنانچہ سنجے نے چھوٹی کار ماروتی کا جو ڈھونگ رچایا اس کے بعد بھارتی پارلیمنٹ میں بار بار ٹیڑھے قسم کے سوال پوچھے جاتے رہے ہیں لیکن ماتا اندرا گاندھی ہر بات پر پردہ ڈالتی رہی ہیں اور چھوٹی موٹر کاروں کی صنعت کا راز آج تک فاش نہیں ہونے دیا گیا۔ اندرا گاندھی ہمیشہ اپنے فرزند ثانی سنجے کی حمایت اور پردہ پوشی کرتی رہی ہیں بلکہ وہ اپنی تقریروں میں نوجوانوں کو یہاں تک تلقین کرتی رہی ہیں کہ وہ سنجے کی مثال لیں اور اندرا گاندھی ہمیشہ کانگرس پارٹی میں اپنی اکثریت کی وجہ سے سنجے کے متعلق ایسی بحثوں میں جیت جاتی رہی ہیں۔

کانگرس پارٹی کے ایک سو سے زائد ارکان نے جو بارلیمانی کی پارٹی میں ... کی حیثیت رکھتے ہیں سنجے کے موٹر کار کے منصوبے کے خلاف یادداشت پیش کی لیکن اسے مسترد کر دیا گیا اور جب گزشتہ مارچ میں الٰہ آباد ہائی کورٹ میں اندرا گاندھی کے خلاف انتخابی درخواست کے سلسلے میں استفسار کیا گیا تو انہوں نے عدالت عالیہ میں یہ بیان دیا کہ مذکورہ بالا یادداشت کا پوری طرح مطالعہ اور تجزیہ کیا گیا اور کوئی الزام بھی صحیح نہیں نکلا۔

"سائمن" آگے چل کر لکھتا ہے جب میں نے ایک ایسے شخص سے رابطہ قائم کیا جو اندرا گاندھی اور اس کے بیٹے کے متعلق تمام رازہا ئے سربستہ سے واقف تھا تو اس نے یہ کہہ کر کوئی بیان دینے سے انکار کر دیا کہ میں جیل میں نہیں جانا چاہتا اور نہ یہ چاہتا ہوں کہ تمہیں بھارت سے نکال باہر کیا جائے۔ جن سنگھ کے ترجمان "مدرلینڈ" اخبار و طنی نے اس مسئلے پر بہت کچھ لکھا ہے اور بھارت میں واحد یہی اخبار ہے جس کے ایڈیٹر کو ہنگامی حالات کے نفاذ کے تحت جیل بھجوا دیا گیا ہے۔

سنجے سے پیشتر تا زک اندام اور قبول صورت نوجوان ہے جس نے چند ماہ پیشتر ایک نوخیز لڑکی سے بیاہ رچایا ہوا ہے اور دونوں اپنی ماں کے زیر سایہ پردھان منتری بھون میں رہتے ہیں۔

○ ـــــــ

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

جلد نمبر ۲ ، شمارہ نمبر ۱۰

کریسنٹ

ٹورونٹو

کم اگست ۱۹۸۸ء

دریائے راوی، چناب اور جہلم میں سیلاب آگیا

پندرہ سو دیہات میں تباہی پھیل گئی: چھ لاکھ متاثر

سوا گیارہ لاکھ ایکڑ اراضی زیرِ آب * لاکھوں ایکڑ رقبہ پر فصلیں تباہ

فوجی جوانوں نے سات ہزار متاثرین کو محفوظ مقامات پر پہنچا دیا

متاثرین کو خوراک، کپڑے اور دوائیں پوری تندہی سے مہیا کی جا رہی ہیں

لاہور ۔۔۔۔ ایک سرکاری ترجمان نے آج رات انکشاف کیا کہ دریائے چناب اور راوی میں زبردست طغیانی سے اب تک ۱۵۰۰ دیہات بری طرح متاثر ہو چکے ہیں۔ سوا گیارہ لاکھ ایکڑ رقبہ زیرِ آب آ چکا ہے جس میں ۵ لاکھ ایکڑ سے زائد رقبہ پر فصلیں کھڑی تھیں۔ متاثرین کی تعداد ۶ لاکھ ہے ۔۔۔ ۲۵ ہزار سے زائد افراد بے گھر ہو چکے ہیں۔ سیکڑوں مکان بہہ گئے ہیں، بہت سے مویشی بہہ گئے ہیں، ہزاروں کا نقصان پہنچا ہے۔ چاول کی فصل بالکل تباہ ہو چکی ہے۔ ہزاروں افراد پانی میں گھرے ہوئے ہیں اور چھتوں اور درختوں پر پناہ لئے ہوئے ہیں۔ ہزاروں مویشی ہلاک ہو چکے ہیں۔ فوجی جوان اور سول حکام امدادی کاموں میں مصروف ہیں۔ متاثرین کو ہر ممکن طریقے سے خوراک، کپڑے اور دوائیں مہیا کی جا رہی ہیں۔ کشتیوں کے ذریعے انہیں محفوظ مقامات پر پہنچایا جا رہا ہے۔

سرکاری ترجمان کے مطابق شاہدرہ کے مقام پر کل پانی کا اخراج اگرچہ ڈیڑھ لاکھ کیوسک ہو جائے گا لیکن متاثرہ علاقوں کو کوئی خطرہ درپیش نہیں ہے۔ بندوں کو مزید مضبوط کر دیا گیا ہے اور دریائے راوی میں شاہدرہ کے مقام پر پانی کا چڑھاؤ بڑھ رہا ہے۔ اس میں زیادہ شدت نہیں ہوگی۔ انہوں نے بتایا کہ چیچہ وطنی کے قریب شمالی بند میں شگاف پڑ جانے سے دریا کا نشیبی علاقہ زیرِ آب آگیا ہے جس سے تقریباً دو ہزار ایکڑ رقبہ متاثر ہوا ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ وادی میں جسڑ کے مقام پر آج صبح پانی کا اخراج ایک لاکھ ۱۸ ہزار کیوسک تک گر گیا ہے۔ بعد سے سطح گرنی شروع ہو گئی اور جاری ہے پانی کا اخراج ایک لاکھ ۳۰ ہزار کیوسک تھا۔ انہوں نے بتایا کہ شاہدرہ کے مقام پر پانی کی سطح بڑھ رہی ہے آج سہ پہر شاہدرہ کے مقام پر پانی کا اخراج ۸۱ ہزار کیوسک تھا جو کل سہ پہر تک بڑھ کر ڈیڑھ لاکھ کیوسک ہو جائے گا۔ بلوکی کے مقام پر بھی پانی کی سطح گر رہی ہے اور آج شام پانی کا اخراج ۔۔ ہزار کیوسک تھا۔ انہوں نے بتایا کہ سدھنائی کے مقام پر دریا میں شدید طغیانی ہے تاہم پانی کی سطح ایک مقام پر رک گئی ہے اور پانی کا اخراج ایک لاکھ ۸۰ ہزار کیوسک ہے۔

ترجمان نے بتایا کہ دریائے چناب میں بھی شدید سیلاب آگیا ہے۔ مرالہ، خانکی، قادر آباد اور تریموں کے مقام پر دریا میں شدید سیلاب ہے۔ تاہم مرالہ، تریموں اور ہیڈ پنجند کے مقام پر پانی کی سطح کم ہو رہی ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ شدید بارشوں کی وجہ سے مرالہ کے مقام پر پانی کی سطح بڑھ گئی تھی لیکن چار بجے گرنی شروع ہو گئی تھی اور مرالہ کے مقام پر پانی کا اخراج تین لاکھ کیوسک ہے۔ ہیڈ خانکی کے مقام پر بھی دوبارہ پانی کی سطح بلند ہو رہی ہے اور آج شام پانی کا اخراج تین لاکھ ۴۴ ہزار کیوسک تھا۔ قادر آباد کے مقام پر بھی اخراج بڑھ رہا ہے اور تین لاکھ ۱۱ ہزار کیوسک ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ ہیڈ تریموں کے مقام پر پانی کی سطح گر رہی ہے اور آج شام اخراج ایک لاکھ ۸۰ ہزار کیوسک تھا۔ پنجند کے مقام پر گزشتہ رات پانی کی سطح چار لاکھ ۱۰ ہزار کیوسک تک پہنچ گئی تھی مگر سہ پہر کم ہو کر تین لاکھ ۲۲ ہزار کیوسک رہ گئی۔ ترجمان نے کہا کہ دریائے چناب اور دریائے راوی میں سیلاب کا دوسرا ریلا شروع ہو گیا ہے تاہم گزشتہ سیلاب کی نسبت اس وقت ان دریاؤں میں پانی کا بہاؤ کم ہے۔

فلڈ ریلیف کمیشن کے مطابق سیلاب میں اب تک جن چودہ افراد کے ہلاک ہونے کی اطلاع ملی ان میں گوجرانوالہ سیالکوٹ پانچ افراد تحصیل لاہور میں ایک شخص شیخوپورہ کے علاقہ میں سیلاب سے جاں بحق ہوا۔ کمیشن کے ایک ترجمان نے اخبار نویسوں کو بتایا ہے کہ حالیہ سیلاب میں ملتان تحصیل میں ۲۵ گاؤں ۲۲ ہزار ایک سو ۵۵ ایکڑ رقبہ اور ساڑھے تین ہزار افراد متاثر ہوئے ہیں۔ تحصیل کبیر والا میں ۲۱ گاؤں ۱۲ ہزار افراد اور ۱۵ ہزار سات سو ایکڑ رقبہ جس میں تقریباً بارہ ہزار ایکڑ کاشت رقبہ شامل ہے متاثر ہوا ہے۔

وفاقی اور صوبائی حکومتیں سیلاب زدگان کی امداد میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کریں گی — پیرزادہ

سیلاب کے بارے میں نواب صادق سے پیرزادہ کا تبادلۂ خیال

لاہور ۔۔۔۔ ذوالفقار تعلیم اور صوبائی رابطے کے وفاقی وزیر مسٹر عبدالحفیظ پیرزادہ نے سیلاب زدہ علاقوں میں سول اور پاک فوج کی امدادی کارروائیوں پر مکمل اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ لاہور شیخوپورہ سیالکوٹ کے سیلاب زدہ علاقوں کے دورے کے بعد ریڈیو پاکستان کو ایک انٹرویو میں انہوں نے خاص سیلاب کی تباہ کاریوں پر اس رنج کا اظہار کیا اور کہا کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں متاثرین کی امداد کے لئے کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کریں گی۔ اور بند ٹوٹنے کی فوری مرمت کی جائے گی۔ انہوں نے کہا مجھے خوشی ہے کہ عوام کے حوصلے بلند ہیں انہوں نے اس آفت کا نہایت جرأت اور استقامت کے ساتھ مقابلہ کیا ہے۔ سیلاب زدہ علاقوں کے دورے پر وفاقی وزیر شیخ محمد رشید اور سپیکر قومی اسمبلی صاحبزادہ فاروق علی بھی مسٹر پیرزادہ کے ہمراہ تھے۔ انہوں نے واپسی پر شاہدرہ ٹریٹی بیورٹری کا بھی معائنہ کیا۔ قبل ازیں مسٹر پیرزادہ نے وزیراعلیٰ پنجاب سے ایک گھنٹے تک سیلاب زدہ علاقوں میں امدادی کاموں پر بات چیت کی۔

غفار خاں کی کابل سے پاکستان میں آمد کے بارے میں فلم سپریم کورٹ میں دکھائی گئی

راولپنڈی ۔۔۔۔ (پاکستان ٹائمز) سپریم کورٹ آف پاکستان کے فل کورٹ نے جو چیف جسٹس جناب حمود الرحمٰن مسٹر جسٹس یعقوب علی خان، مسٹر جسٹس صلاح الدین احمد، جسٹس شیخ انوار الحق، مسٹر جسٹس محمد گل اور مسٹر جسٹس محمد افضل چیمہ پر مشتمل ہے آج حسب سیکرٹری سابق نیپ جمعیت حکومت کی تیار کردہ ایک دستاویزی فلم کا کچھ حصہ عدالت میں دیکھا۔

فلم ۱۹۷۲ء میں خان عبدالغفار خان کی کابل سے آمد کے موقع پر تیار کی گئی تھی اور اس میں غفار خان کے علاوہ کئی سرحد اور بلوچستان کے مستقبل کے مناظر دکھائے گئے ہیں۔ اسی طرح اس فلم میں اس وقت کے وزیراعلیٰ سرحد مولانا مفتی محمود اور خان غفار خان کی تقاریر کے مناظر دکھائے گئے۔ ابھی فلم عدالت کے روبرو چل ہی رہی تھی کہ فاضل جج نے فلم میں آواز نہ ہونے کی وجہ سے اس کی مزید نمائش رکوا دی اور کہا کہ آواز کے بغیر فلم دکھا کر عدالت کا مزید وقت ضائع نہ کیا جائے۔

پیری اولمپک ٹورنامنٹ میں جرمن ہاکی ٹیم سے شکست

پاکستان نے کینیڈا، ہالینڈ، برطانیہ، میکسیکو اور کینیا کو ہرا دیا ۔۔۔۔



فوٹو: ہیومینٹ

پاکستانی ہاکی ٹیم - ٹورانٹو کے سٹی ہال کے سامنے

پاکستانی کھلاڑیوں کا بیان ہے کہ اپنے ہم وطنوں کی محبت اور مہمان نوازی سے وہ بے حد متاثر ہوئے ہیں۔ اور انہیں یقین ہے کہ ۱۹۷۶ء میں اولمپک کے مقابلوں میں وہ اپنے پاکستانی بھائیوں اور وطن عزیز کی خاطر بہترین کھیل کا مظاہرہ کرکے انشاء اللہ فتح حاصل کریں گے۔

ان دنوں پاکستان کی قومی ہاکی ٹیم اولمپک ۱۹۷۶ء سے پیشتر ہاکی کے مقابلوں میں حصہ لینے کے لئے کینیڈا آئی ہوئی ہے اور بین الاقوامی مقابلے کے کھیل کھیل رہی ہے۔ ۲۰ جولائی کو مونٹریال میں پاکستانی ٹیم نے کینیڈا کے مقابلے میں پانچ گول کے اضافے سے مقابلہ جیتا۔ اس کے بعد بہترین کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے پاکستانی ٹیم نے ہالینڈ کی ٹیم کو بھی ہرا دیا جو کہ دنیا کی بہترین ٹیموں میں شمار ہوتی ہے۔ مگر جب جرمن ٹیم سے مقابلہ ہوا تو پاکستان ایک گول سے ہار گیا۔ پھر دوسری بار جب مقابلہ ہوا تب بھی پاکستانی ٹیم ایک گول سے ہار گئی۔ پاکستانی کھلاڑیوں سے اس استفسار پر کہ کہیں ہماری ٹیم جرمنوں سے پچھلی اولمپک میں ہار جانے کی بنا پر نفسیاتی طور پر اپنے آپ کو کمزور تو نہیں سمجھتی، یہ جواب ملا کہ ایسی کوئی بات نہیں۔ جرمن ٹیم بہت اچھی ہے۔ مگر ان سے کھیلنے کے بعد اب انہیں یقین ہے کہ ان شاء اللہ آئندہ سال فتح ہماری ہوگی۔ یاد رہے کہ ہماری موجودہ ٹیم میں پانچ نئے کھلاڑی بھی شامل کیے گئے ہیں۔

پاکستانی ہاکی ٹیم نے برطانیہ میکسیکو اور کینیا کو بھی ہرا دیا ہے۔

ٹورانٹو میں ہونے والے برطانیہ کے خلاف مقابلے میں پاکستانی ٹیم نے دو کے مقابلے میں پانچ گول کیے۔ ڈی سی۔ این۔ ای کے اسٹیڈیم میں تقریباً چھ ہزار تماشائی جمع تھے۔ کھیل کے پہلے حصے میں پاکستانی ٹیم کا کھیل کافی سست رہا۔ مگر پاکستانی ناظرین کے نعرۂ تکبیر اور نعرۂ حیدری سے پاکستانی ٹیم خوب گرما گئی اور دوسرے حصے میں بہترین کھیل کا مظاہرہ کیا۔ رشید، غفور اور منظور کا کھیل خاص طور پر بہت اچھا رہا۔

مونٹریال اور ٹورانٹو کی مختلف پارٹیاں اور انجمنیں ملکی ٹیم کی ضیافت میں پیش پیش ہیں۔ ٹورانٹو میں پہلے روز یعقوب، شرف خان اور پاکستان اسپورٹس کلب نے عشائیہ دیا اور اگلے روز ٹیم کو نیاگرا فالز کی سیر کرائی۔ ۲۶ جولائی کے کھیل کے بعد کھلاڑیوں کی ضیافت مقامی پاکستانی تاجر اسلم خان نے اپنے ریسٹورنٹ اور بیٹل ڈشز میں کی۔ اگلے روز کے عشائیے کا انتظام راجپوت ریسٹورنٹ نے کیا۔

SUBSCRIPTION RATES:

- ☐ FOR ONE YEAR $6.00
- ☐ (1ST CLASS MAIL) $8.00
- ☐ FOR TWO YEARS $10.00
- ☐ (1ST CLASS MAIL) $14.00
- ☐ FOR SIX MONTHS $4.00
- ☐ (1ST CLASS MAIL) $5.00

The Crescent

338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
M2H 2P6
Canada

TELEPHONE: (416) 493-4374

NAME.

ADDRESS.

POSTAL CODE.

TELEPHONE.

U.S. cheques please include [illegible]